© rasailojaraid.com



سید فضل الرحمٰن

# قاموس الحدیث

(۴)

## باب الھمزہ

اِتْرَاصٌ: ٹھیک کرنا۔ درست کرنا۔ برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔ اَتْرِصْ مِیْزَانَكَ فَاِنَّهٗ شَائِلٌ۔ اپنا ترازو برابر کرنا، وہ ایک ایک طرف سے اٹھا ہوا ہے۔

اِتْرَاعٌ: بھر دینا۔

اِتْرَافٌ: آرام و آسائش کی وجہ سے پھول جانا۔ سرکش ہو جانا۔ نافرمانی پر اصرار کرنا۔

اِتْعَابٌ: تھکانا۔ مشقت میں ڈالنا۔

اِتَّقَفَ: وہ ٹھہر گیا۔

اِتْقَانٌ: مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا۔ مہارت۔ خوبی۔

اَتْقَنَ: مضبوط کرنا۔ پختہ کرنا، مہارت حاصل کرنا۔ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِیْ اَتْقَنَ كُلَّ شَیْءٍ۔ اللہ کی کاری گری ہے جس نے ہر چیز کو مضبوط بنایا ہے۔

اِتْلَاءٌ: پیچھے لگانا۔ آگے بڑھ جانا۔

اِتْمَامٌ: پورا کرنا۔ دینا۔ قصد کرنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اَتْهَمَ: تہامہ میں آنا۔آب وہوا کا موافق نہ آنا۔

# باب التا

تَاجٌ: تاج۔سہرا۔جمع تِيجَانٌ، اَتْوَاجٌ، العَمَائِمُ تِيجَانُ الْعَرَبِ۔عمامے عرب کے لوگوں کے تاج ہیں۔

تَارَةً: ایک بار۔

تَارٌّ: موٹا۔فربہ۔

تَارِزٌ: سخت۔مضبوط۔خشک چیز۔بے جان چیز۔

تَارِسٌ: ڈھال سے مسلح۔ڈھال لگانے والا۔

تَارِكٌ: چھوڑنے والا۔ترک کرنے والا۔وراثت کا مال چھوڑنے والا۔

تَاسُوعٌ: نویں تاریخ۔لَئِنْ بَقِيْتُ اِلٰى قَابِلٍ لَاَصُومَنَّ تَاسُوعًا۔اگر میں آئندہ سال تک زندہ رہا تو محرم کی نویں تاریخ کو روزہ رکھوں گا۔

تَافِهٌ: حقیر۔ذلیل۔تھوڑا۔پھیکا۔بے مزہ۔قلیل۔گھٹیا۔

تَالِدٌ: پرانا مال۔پرانا ہونا۔زمانۂ قدیم سے ہونا۔موروثی۔

تَامِرٌ: کھجوروں والا۔

تَانِئُ: کسان۔کاشت کار۔گاؤں کا رہنے والا۔اِبْنُ السَّبِيلِ اَحَقُّ بِالْمَاءِ مِنَ التَّانِئِ۔مقامی کے مقابلے میں مسافر کو (کنویں) سے پانی لینے کا زیادہ حق ہے۔

تَئِقٌ: شر کی طرف جلدی کرنا۔اَنْتَ تَئِقٌ۔تو غصے سے بھرا ہوا ہے۔

تُئْمٌ: جڑواں بچہ۔مشابہ چیز۔جمع تَوَائِمُ وتُوءَامٌ۔تَوَاءِمُ النُّجُومُ وَاللَّآلِئُ۔ستارے اور موتی جو باہم ملے ہوئے ہوں۔

تَئِيمٌ: جڑواں بچہ۔مشابہ چیزیں۔جمع تَوَاءِمُ وتُوءَامٌ۔

تُبَّانٌ: لنگوٹ۔جانگیا۔نیکر۔جمع تَبَابِيْنُ۔صَلّٰى رَجُلٌ فِىْ تُبَّانٍ وَّقَمِيْصٍ۔ایک شخص نے انگیا اور کرتے میں نماز پڑھی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تُبَّعُ: شاہان یمن کا قدیم لقب۔جمع تَبَابِعَة۔

تُبَّعُ: سایہ۔شہد کی بڑی مکھی۔جمع تَبَابِعُ و تَبَابِيعُ۔

تَتَبُّعٌ: تلاش کرنا۔ پیچھے لگنا۔ٹوہ میں لگنا۔تَتَابُعُ النَّاسُ فِي الطَّلَاقِ۔لوگوں نے کھٹا کھٹ طلاق دینا شروع کردی۔تَتَابَعَ بِيْ۔وہ مجھ پر پل پڑتا ہے۔وہ مجھے بار بار ستاتا ہے۔ لَتَتَّبِعُنَّ سَنَنَ مَنْ قَبْلَكُمْ۔تم اگلے لوگوں کی چالوں پر چلو گے۔

تَتْبِيْرٌ: توڑنا۔ہلاک ہونا۔

تَتَحْتَحَ: حرکت کرنا۔ہلنا۔

تَتْرٰى: پے در پے۔ لگاتار۔متفرق۔ یکے بعد دیگرے۔ لَابَأْسَ بِقَضَاءِ رَمَضَانَ تَتْرٰى۔ رمضان کی قضا متفرق کر کے رکھنے میں کوئی قباحت نہیں۔

تَتَرَّبَ: مٹی میں لت پت ہونا۔

تَتَرُّحٌ: رنجیدہ ہونا۔

تَتَرُّعٌ: جلدی کرنا۔تیز ہونا۔

تَتْرِيْعٌ: بند کرنا۔

تَتْمِيْمٌ: پورا کرنا۔لٹکانا۔مداومت کرنا۔ گلے میں تعویذ ڈالنا۔

تَتْمِيْمَةٌ: چت کبرے (سیاہ وسفید) مہرے جوڑ کر گلے میں ڈالنا۔تعویذ۔

تَتْوِبَةٌ: توبہ کرنا۔گناہ سے باز آنا۔گناہ پر شرمندہ ہونا۔

تَتَوُّجٌ: تاج پہننا۔سردار بننا۔

تَتْوِيْجٌ: تاج پوشی۔

تَتْيِيْسٌ: تابع دار کرنا۔مسخر کرنا۔

تَتَيُّعٌ: جلدی کرنا۔

تَتْيِيْمٌ: غلام بنا دینا۔تابع دار کر دینا۔

تَثَاءُبٌ: جمائی۔ اَلتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطٰنِ وَالْعَطْسَةُ مِنَ اللهِ۔جمائی شیطان کی طرف سے ہے اور چھینک اللہ کی طرف سے ہے۔

© rasailojaraid.com

تَثَاثُؤٌ: غم ٹھنڈا ہونا۔ آگ بجھنا۔ [illegible]

© rasailojaraid.com



**تَثَاؤُلٌ:** مسے نکل آنا۔

**تَثْبِيتٌ:** ثابت کرنا۔ جمانا۔ پختہ کرنا۔ درج کرنا۔

**تَثْلِيثٌ:** کھجور کا تیسرا حصہ پک جانا۔ شراب کو اتنا پکانا کہ تہائی حصہ جل جائے۔ تین خداؤں کا قائل ہونا۔ (جیسے نصاریٰ کہتے ہیں، باپ، بیٹا، روح القدس)

**تُجَاهٌ:** سامنے۔ مقابل۔ وَطَائِفَةٌ تُجَاهَ الْعَدُوِّ۔ ایک جماعت دشمن کے سامنے رہے۔

**تَجَبُّسٌ:** جاری ہونا۔ پھوٹ نکلنا۔

**تَجْرٌ:** تجارت کرنا۔ سوداگری کرنا۔ خرید وفروخت کرنا۔

**تَجْفَافٌ:** گھوڑے کا آہنی لباس جو اس کو لڑائی میں زخمی ہونے سے بچائے۔

**تَحْتٌ:** نیچے۔ جمع تَحُوتٌ۔

**تَحْتَانِيٌّ:** نیچے کا حصہ۔ زیریں۔

**تَحْتَحَةٌ:** حرکت دینا۔

**تُحْفَةٌ:** ہدیہ۔ حصہ۔ عمدہ۔ قیمتی چیز۔ جمع تُحَفٌ۔ اَلطِّيْبُ تُحْفَةُ الصَّائِمِ۔ روزے دار کا تحفہ خوش بو ہے۔

**تَحِيَّةٌ:** سلام۔ دعا۔ آداب۔ تسلیمات۔ حَيَّاكَ اللّٰهُ۔ اللہ تجھے سلامت رکھے۔

**تَخْتَاخٌ:** ہکلا۔ تتلا۔

**تَخْتَخٌ:** تتلانا۔ ہکلانا۔

**تَخْتَخَةٌ:** ہکلاپن۔ تتلاہٹ۔

**تَخْذٌ:** لینا۔ پانا۔ حاصل کرنا۔

**تَخْمٌ:** زمین کی نشانی۔ حد فاصل۔

**تُخُومٌ:** زمین کی نشانی۔ حد فاصل۔

**تُرَابُ:** مٹی۔ جمع اَتْرِبَةٌ۔ وتربانٌ۔ فَجَعَلَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهٖ وَيَقُوْلُ قُمْ يَا اَبَا تُرَابٍ۔ آپ حضرت علی کی پیٹھ سے مٹی پونچھ رہے تھے اور فرما رہے تھے اے ابوتراب (مٹی والے) اٹھو۔ يَالَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرَابًا۔ کاش میں مٹی ہوتا۔ وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ اِبْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ۔ آدمی کا پیٹ قبر کی مٹی ہی بھرتی ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تُرَابِیٌّ: مٹیالا ۔ مٹی جیسا ۔

تُرَاثٌ: میراث ۔ ترکہ ۔

تُرَاثِی: موروثی ۔ قدیم ۔

تَرَارَۃٌ: جسم کا بھر جانا ۔ موٹا ہونا ۔ پُر گوشت ہونا ۔

تُرَازٌ: ناگہانی موت ۔ اچانک آنے والی موت ۔ لَاتَقُوْمُ السَّاعَۃُ حَتّٰی یَکْثُرَ التُّرَازُ ۔ قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک کہ ناگہانی موت کی کثرت نہ ہو جائے ۔

تِرَازٌ: ناگہانی موت ۔ اچانک آنے والی موت ۔

تِرَاسَۃ: ڈھال سازی ۔

تَرَاصَۃٌ: مضبوط ۔ پائیدار ہونا ۔ درست ہونا ۔ تیز ہونا ۔ سیدھا ہونا ۔

تِرْبٌ: ہم عمر ۔ برابر ۔ مثل ہم پلہ ۔ جمع اَتْرَابٌ ۔

تَرْبَاءُ: مٹی ۔ زمین ۔

تَرِبًا: (س) مٹی لگ جانا ۔ خاک آلود ہونا ۔ محتاج ہونا ۔ تَرِبَ الرِّیْحُ: ہوا کا خاک آلود ہونا ۔ تَرِبَتْ یَدَاكَ اِذَا لَوْاَعْدِلُ فَمَنْ یَعْدِلُ ۔ تیرے ہاتھوں کو مٹی لگے اگر میں ہی انصاف نہ کروں گا تو کون انصاف کرے گا ۔

تَرْبًا: مٹی ڈالنا ۔ کَانَ یُتْرِبُ الْکِتَابَ ۔ خط پر مٹی ڈالتے تھے ۔

تُرْبَانُ: مدینے سے ۱۹ میل پر ایک سرسبز و شاداب مقام ۔ غزوہ بدر کے لئے جاتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں قیام فرمایا تھا ۔

تُرْبَۃُ: مٹی ۔ زمین کی اصل ۔ قبر ۔ جمع تُرَبٌ ۔ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا ۔ ہماری زمین کی مٹی ۔ خَلَقَ اللّٰہُ التُّرْبَۃَ یَوْمَ السَّبْتِ ۔ اللہ نے زمین کو ہفتے کے دن بنایا ۔

تُرَبَۃ: مکے سے دو دن کی مسافت پر ایک وادی جہاں بنو ہوازن آباد تھے ۔ یہاں کھجور اور دوسرے پھل کثرت سے ہوتے تھے ۔

تُرَبِیٌّ: قبروں کی حفاظت کرنے والا ۔

تِرَۃٌ: نقص ۔ الزام ۔

تَرَجٌ: چھپ جانا ۔ پوشیدہ ہونا ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَرَجًا: کسی کام کا دشوار ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

تُرُجٌ: بڑا لیموں۔

تَرْجَمَانٌ: وہ شخص جو ایک زبان کا مطلب دوسری زبان میں بیان کر کے سمجھائے۔ ترجمہ کرنے والا۔ جمع تَرَاجِمَۃٌ۔

تَرْجَمَۃٌ: وضاحت کرنا۔ حالات بیان کرنا۔ سوانح لکھنا۔ کسی زبان میں ترجمہ کرنا۔

تَرَحٌ: رنجیدہ ہونا۔ غم گین ہونا۔ بے فیض ہونا۔ فکر مند ہونا۔ صدمہ۔ غم۔ فَرَحٌ کی ضد ہے۔ مَامِنْ فَرْحَۃٍ اِلَّا وَتَبِعَھَا

تَرْحٌ: محتاجی۔ فقر۔ غربت۔ رنج۔ جمع اَتْرَاح۔ تَرْحَۃٌ۔ ہر خوشی کے بعد ایک رنج لگا ہوا ہے۔

تَرَخٌ: شگاف۔

تُرٌّ: جڑ۔ اصل۔ معمار کی ڈوری جسے باندھ کر وہ چنائی کو سیدھا کرتا ہے۔ لَاُقِیْمَنَّکَ عَلَی التِّرِّ۔ میں تجھے سیدھے راستے پر ڈال دوں گا۔

تَرٌّ: جسم کا بھر جانا۔ موٹا ہونا۔ پُر گوشت ہونا۔

تَرَّاعٌ: زبردست بہاؤ۔ سیلاب۔ دربان۔

تَرَّاکٌ: بہت چھوڑنے والا۔ بہت ترک کرنے والا۔

تَرِبَ: مال دار ہونا۔ کسی شئے پر مٹی ڈالنا۔

تُرَّۃٌ: باطل۔ لغو۔ جھوٹ۔ غلط۔ جمع تُرَّھَاتٌ۔

تَرَسٌ: ڈھال سے بچاؤ کرنا۔ کسی کو ڈھال سے مسلح کرنا۔ ڈھال لگانا۔

تُرَّھَاتٌ: مصائب۔ لغویات۔ واحد تُرَّۃٌ۔

تَرَزٌ: سوکھنا۔ سخت ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ خشک ہونا۔

تَرْزِیٌّ: درزی۔ خیاط۔ (درزی کا معرب)

تَرَسٌ: برتن وغیرہ بھرنا۔

تُرْسٌ: ڈھال۔ جمع اَتْرَاسٌ وتِرَاسٌ وَتُرُسٌ۔

تَرَعٌ: برائی میں جلدی کرنا۔ کم عقل ہونا۔ بھر جانا۔ جلدی سے غصے ہونا۔ فَاَخَذْتُ بِخِطَامِ رَاحِلَۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم فَمَا تَرَعَنِیْ۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علیہ وسلم کی اونٹنی کی نکیل تھام لی تو آپ نے مجھے منع نہیں فرمایا۔

تَرُعٌ: پھیرنا۔موڑنا۔

تُرْعَةٌ: دروازہ۔زینے کی سیڑھی۔اونچی جگہ پر لگا ہوا باغیچہ۔جمع تُرَعٌ۔وَانْصِبِ الْخَيْمَةَ عَلَى التُّرْعَةِ۔اونچی جگہ پر خیمہ نصب کر۔اِنَّ مِنْبَرِيْ عَلٰى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَاعِ الْجَنَّةِ۔میرا منبر جنت کے بلند باغوں میں سے ایک باغ پر ہے۔

تَرَفٌ: ہرا بھرا ہونا۔خوش حال ہونا۔آسودہ حال ہونا۔

تُرْفَةٌ: آرام وآسائش کی زندگی۔نعمت۔تحفہ۔پانی پینے کا برتن جمع تُرَفٌ۔

تَرْقُوَةٌ: ہنسلی کی ہڈی۔جمع تَرَاقٍ۔يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَايُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ: وہ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ ان کی ہنسلیوں سے نیچے نہیں اترے گا۔بَلَغَتِ الرُّوْحُ التَّرَاقِيَ۔روح گلے میں آگئی۔جاں بہ لب ہو گیا۔

تَرْكٌ: چھوڑ دینا۔دست بردار ہونا۔نظر انداز کرنا۔

تَرِكَةٌ: وہ مال واولاد جو آدمی چھوڑ کر مر جاتا ہے۔

تِرْكَةٌ: وہ مال واسباب جو میت چھوڑ جائے۔وراثت کا مال۔

تَرْمُدُ: بنی اسد کے علاقے میں ایک مقام کا نام۔

تِرْمِذُ: خراسان میں ایک مشہور شہر۔

تُرُوْزٌ: جسم کا بھر جانا۔موٹا ہونا۔پُر گوشت ہونا۔

تُرَّهًا: بے کار کاموں میں لگ جانا۔لغویات میں پڑنا۔

تِرْيَاقٌ: زہر کو بے اثر کرنے والی دوا۔

تَرِيْبَةٌ: سینے کی اوپر کی ہڈی۔سینے کا بالائی حصہ۔جمع تَرَائِبُ۔

تَرِيْجٌ: مضبوط اعصاب والا۔

تَرِيْصٌ: صحیح۔درست۔سیدھا۔ترازو کا ٹھیک ہونا۔لَوُوْزِنَ رَجَاءُ الْمُؤْمِنِ وَخَوْفُهٗ بِمِيْزَانٍ تَرِيْصٍ مَازَادَ اَحَدُهُمَا عَلَى الْاٰخِرِ۔اگر مسلمان کی امید اور اس کا خوف دونوں ایک سیدھی ترازو سے تولے جائیں تو دونوں پلڑے برابر رہیں گے۔

اَلتَّرِيْكُ: وہ خوشہ جس سے پھل توڑ لیا گیا ہو۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَرِیْکَۃٌ: شتر مرغ کے انڈے۔

تَسْخَنْ: موزہ۔ جراب۔ اَمَرَھُمْ اَنْ یَّمْسَحُوْا عَلَی التَّسَاخِیْنِ۔ آپ نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ موزوں پر مسح کرلیں۔

تِسْعٌ: نو۔ مذکر کے لئے۔ اَمَرَنِیْ رَبِّیْ بِتِسْعٍ۔ میرے رب نے مجھے نو باتوں کا حکم دیا۔

تِسْعَۃٌ: نو۔ مونث کے لئے۔ اِنَّ لِلّٰہِ تِسْعَۃً وَّتِسْعِیْنَ اِسْمًا۔ اللہ کے ۹۹ نام ہیں۔

تَسْنِیْمٌ: جنت کا ایک چشمہ جو بلندی سے گرتا ہے۔ چڑھ آنا۔

تَعَبٌ(س): تھک جانا۔ محنت کرنا۔ مشقت میں پڑنا۔ اکتا جانا۔ تھکان۔

تَعْتَعٌ: ہکلانا۔ زور سے بلانا۔ جھنجوڑنا۔ پریشان کرنا۔ الذی یَقْرَءُ الْقُرْاٰنَ وَیَتَعْتَعُ، لَہٗ اَجْرَانِ۔ جو شخص قرآن کو مشقت اٹھا کر پڑھے اس کو دہرا ثواب ملے گا۔

تَعَرٌ: چیخنا۔ چلانا۔ چونک کر اٹھنا۔ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّیْلِ۔ جو شخص رات کو چونک اٹھے۔

تَعَسًا: ہلاک ہونا۔ گر پڑنا۔ پھسل جانا۔

تَعْضُوْضٌ: کالی کھجور جو بہت میٹھی ہوتی ہے۔ اَتُسَمُّوْنَ ھٰذَا التَّعْضُوْضَ۔ کیا تم اس کو تعضوض کہتے ہو۔

تِعْھَنٌ: مکے اور مدینے کے درمیان ایک مقام کا نام۔ کَانَ صلی اللہ علیہ وسلم بِتِعْھَنَ وَھُوَ قَائِلٌ بِالسُّقْیَا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تعھن میں تھے اور دوپہر کو سقیا میں آرام کرنے والے تھے۔

تَغَبٌ: بگڑ جانا۔ خراب ہوجانا۔ غَبَّ الشَّیْءُ۔ یہ چیز خراب ہوگئی۔

تَغْبَۃٌ: بگڑ جانا۔ خراب ہوجانا۔

تَغَرَ: پھٹنا۔ شق ہونا۔ تَغَرَتِ القِرْبَۃُ۔ مشکیزے کا پھٹنا۔ تَغَرَ الجُرْحُ۔ زخم سے خون بہنا۔

تَغِرَّۃٌ: ڈرنا۔

تُفٌ: تھوتھو۔ گندی اور ناگوار چیز پر بولا جاتا ہے۔ ناخنوں کا میل۔ جمع تِفَفَۃٌ۔

تَفَاءٌ: گرم ہونا۔ غصے ہونا۔

تَفَثٌ: میل کچیل۔ پریشانی دور کرنا۔ ثُمَّ الْیَقْضُوْا تَفَثَھُمْ۔ پھر وہ اپنی پریشان حالی دور کریں۔

تُفَّاحٌ: سیب۔ جمع تفافیح۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَفْلٌ: تھوتھو کرنا ـ تھوکنا ـ

تَفُوْهٌ: کم ہونا ـ خسیس ہونا ـ احمق ہونا ـ بے مزہ ہونا ـ

تَفَهٌ: کم ہونا ـ خسیس ہونا ـ احمق ہونا ـ بے مزہ ہونا ـ کم عقل ہونا ـ

تَفِيْئَةٌ: زمانہ ـ وقت ـ دَخَلَ عُمَرُ وَكَلَّمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ثُمَّ دَخَلَ اَبُوْبَكْرٍ عَلٰى تِفِيئَةِ ذٰلِكَ ـ حضرت عمر اندر آئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے باتیں کیں پھر ابوبکر بھی اسی وقت داخل ہوئے ـ

تَفِيَّةٌ: زمانہ ـ وقت ـ

تُقَاةٌ: پرہیز گاری ـ بچاؤ ـ ڈر ـ كُنَّا اِذَا احْمَرَّ الْبَاْسُ اِتَّقَيْنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم ـ جب لڑائی سخت خون ریز ہوتی تو ہم آپ کے ذریعے اپنا بچاؤ کرتے ـ اَلْاِمَامُ جُنَّةٌ يُتَّقٰى بِهٖ وَيُقَاتِلُ مِنْ وَرَائِهٖ ـ امام ڈھال (کی مانند) ہے لوگ اس سے اپنا بچاؤ کرتے ہیں اور اس کے پیچھے رہ کر جنگ کرتے ہیں ـ

تِقْدَةٌ: زیرہ ـ دھنیا ـ مسالا ـ

تَقِدَةٌ: زیرہ ـ دھنیا ـ مسالا ـ

تَقَعٌ: بھوک ـ بھوکا ہونا ـ

تَقّى: غلے کا بیج بونا ـ

تِقْنٌ: طبیعت ـ معاش کا سامان ـ حاذق ـ ہوشیار ـ

تَقِيٌّ: پرہیز گار ـ

تَقِيَّةٌ: عزت یا جان جانے کے ڈر سے اپنا عقیدہ چھپانا ـ

تُكَاةٌ: بہت تکیہ لگانے والا ـ لَا اٰكُلُ مُتَّكِئًا ـ میں تکیہ لگا کر نہیں کھاتا ـ اَلتُّكَاةُ مِنَ النِّعْمَةِ ـ بچھونا بھی اللہ کی نعمت ہے ـ

تِلَاوَةٌ: پڑھنا ـ

تَلْبِيْبٌ: کپڑے کو سینے پر اکٹھا کر کے کھینچنا ـ جیسے لڑائی جھگڑے میں ہوتا ہے ـ

تَلْتَلَ: سخت ہو جانا ـ کسی شے کو زور سے ہلانا ـ جھنجھوڑنا ـ

تَلْتَلَةٌ: سختی ـ جلد بازی ـ جانور کو سختی سے ہانکنا ـ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَلْتَلَةٌ: وہ کلام جو سمجھ میں نہ آئے۔تتلانا۔جمع تَلَاتِلُ۔

تَلَدٌ: پرانا مال۔ پرانا ہونا۔ زمانہ قدیم سے ہونا۔ موروثی۔

تُلْدٌ: پرانا مال۔ پرانا ہونا۔ زمانہ قدیم سے ہونا۔ موروثی۔

تَلَدٌ: پرانا مال۔ پرانا ہونا۔ زمانہ قدیم سے ہونا۔ موروثی۔

تِلْعَابَةٌ: بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

تَلْعَةٌ: اوپر سے نیچے کو پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کا کشادہ دہانہ۔

تِلْكَ: وہ اسم اشارہ واحد مونث بعید کے لئے۔ ذٰلِکَ کا مؤنث ہے۔

تَلٌّ: ٹیلہ۔ اوندھا گرانا۔ منہ کے بل لٹانا۔ اُوْتِيْتُ بِمَفَاتِيْحِ خَزَائِنِ الْاَرْضِ فَتُلَّتْ فِيْ يَدِيْ۔
زمین کے خزانوں کے کنجیاں میرے پاس لائی گئیں اور میرے ہاتھ میں ڈال دی گئیں۔

تُلٌّ: باریک کپڑا جس کے اندر سے بدن نظر آئے۔

تُلّٰى: ذبح کی ہوئی بکری۔

تُلُوٌّ: پیچھے جانا۔ پیروی کرنا۔ چھوڑ دینا۔

تُلُوْدٌ: مقیم ہونا۔ قیام پذیر ہونا۔

تَلِيْلٌ: گردن۔

تُمَارِيُّ: ایک قسم کا درخت۔

تِمَامٌ: تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ قصد کرنا۔ لَيْلَةُ التِّمَامِ۔ چودھویں رات جس میں چاند پورا ہوتا ہے۔

تِمَامَةٌ: تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ قصد کرنا۔

تَمْتَام: صاف بات نہ کرنے والا۔ تتلانے والا۔

تَمْتَمَةٌ: ایسی بات کرنا جو سمجھ میں نہ آئے۔ بات کرنے میں تا اور میم کی سی آواز نکالنا۔ صاف نہ بولنا۔ تتلانا۔

تِمْثَالٌ: مورت۔ تصویر۔ نقش ونگار۔ مجسمہ۔ جمع تَمَاثِيْل. يَجِيْءُ مَعَهٗ تِمْثَالُ الْجَنَّةِ۔ دجال آئے گا اس کے ساتھ جنت کی تصویر ہوگی۔ اِنَّا لَا نَدْخُلُ الْكَنَائِسَ مِنْ اَجْلِ التَّمَاثِيْلِ۔ ہم مورتوں کی وجہ سے گرجوں میں داخل نہیں ہوتے۔

تَمْرٌ: خشک کھجور۔ جمع تَمَرَاتٌ. بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهٗ۔ جس گھر میں کھجور نہیں اس گھر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



والے بھوکے ہیں۔

تِمْرَاحَةٌ: خوش۔مگن۔پھولا ہوا۔مزاح کرنے والا۔

تَمْرُ الْهِنْدِیْ: املی۔

تَمٌّ: تمام ہونا۔پورا ہونا۔قصد کرنا۔ایک کام کو کرتے رہنا۔

تَمَّارُ: کھجور فروش۔

تَمَنٍ: ایک مقام کا نام یعنی هَرْشٰی کی گھاٹی جو جحفہ کے قریب ہے۔

تَمِیْمٌ: نجد کا ایک قبیلہ۔

تَنَادُرٌ: عجیب وغریب باتیں۔بنانا تلاش کرنا۔تَنَادَرَ عَلٰی فُلَانٍ۔کسی کا مذاق اڑانا۔تَنَادَرَ الْحَیَوَانُ الرُّطَبَ۔جانور کا تر گھاس تلاش کرنا۔

تَنَارُ: تنور بنانے والا۔

تِنَاوَةٌ: درس وتدریس چھوڑ دینا۔کھیتی باڑی کرنا۔

تِنْبَالٌ: چھوٹا۔ست۔چھوٹے قد والا۔

تِنْبَلٌ: چھوٹا۔ست۔پست قامت۔جمع تَنَابِیل وَ تَنَابِلَة

تُنْبُوْلٌ: چھوٹا۔ست۔چھوٹے قد والا۔

تِنْتَالُ: چھوٹا۔چھوٹے قد والا۔جمع تَنَاتِیل۔

تِنْتِیْلٌ: چھوٹا۔چھوٹے قد والا۔

تَنْجِرَةٌ: ہانڈی۔دیگ۔

تَنْجِیْلٌ: تعظیم کرنا۔عزت کرنا۔

تَنَخًّا: بدہضمی ہوجانا۔

تِنٌّ: ہم عمر، برابر۔مثل۔ہم پلہ جمع۔اَتْنَانٌ. اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلی الله علیه وسلم تِنِّیْ وَتِرْبِیْ. (عمار کہتے ہیں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہم عمر اور ہم سن ہیں۔

تَنُّوْرُ: تنور۔روٹی پکانے کی بھٹی۔جمع تَنَانِیْرُ۔

تَنُّوْمَةٌ: ایک پھل دار درخت۔کلونجی کا پودا۔

تِنِّیْنُ: بڑی مچھلی۔اژدھا۔اِنَّ اللّٰهَ یُسَلِّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِیْ قَبْرِہٖ تِسْعَةً وَتِسْعِیْنَ تِنِّیْنًا۔اللہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تعالیٰ کافر پر اس کی قبر میں ننانوے اژدہے مسلط کرے گا۔

تَنُوءٌ: قیام کرنا۔ٹھہرنا۔رہنا۔

تَنُوخٌ: قیام کرنا۔ٹھہرنا۔جم جانا۔اِنَّهُ اٰمَنَ وَمَنْ مَعَهُ مِنْ يَّهُوْدَ فَتَنَخُوْا عَلَى الْاِسْلَامِ۔عبداللہ بن سلام اوران کے ساتھ والے یہودی ایمان لائے اوراسلام پر ثابت قدم رہے۔

تَنُوفَةٌ: اجاڑ زمین۔غیر آباد زمین۔دور دراز۔جنگل بیابان۔جمع تَنَائِفُ. سَافَرَ رَجُلٌ بِاَرْضٍ تَنُوفَةٍ۔ایک آدمی نے دور دراز زمین میں سفر کیا۔

تَوَابِل: گرم مسالا۔

تَوَارُثُ: ایک دوسرے کا وارث ہونا۔

تَوْءَمٌ: جڑواں بچہ۔مشابہ چیزیں۔جمع تَوَائِمُ وَ تُوءَامٌ۔

تَوْبٌ: گناہ سے باز آنا۔توبہ کرنا۔گناہ پر شرمندہ ہونا۔

تَوْبَةٌ: توبہ کرنا۔گناہ سے باز آنا۔گناہ پر شرمندہ ہونا۔اَلنَّدَمُ تَوْبَةٌ۔گناہ پر شرمندہ ہونا ہی توبہ ہے۔

تَوْبَلٌ: مسالا۔جمع تَوَابِلُ۔

تَوْجٌ: تاج پہننا۔

تَوْرٌ: چھوٹا پیالہ۔پیتل کا لوٹا۔اَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فِي تَوْرٍ۔میں ایک چھوٹے پیالے میں آپ کے پاس پانی لے کر آیا۔

تُوسٌ: طبیعت۔فطرت۔مزاج۔

تَوْقٌ: شوق۔خواہش۔میلان خاطر۔جمع اَتْوَاقٌ۔

تَوْلا: جادو کا علاج کرنا۔جادو کرنا۔

تَوَلَةٌ: جادو۔ٹوٹکا۔محبت کا تعویذ جو بیوی اپنے خاوند کے لئے کراتی ہے۔

تُوَلَةٌ: زبردست مصیبت۔غم۔

تُومٌ: لہسن۔اس کی اصل ثُومٌ ہے۔

تُومَةٌ: بالی جس میں بڑا دانہ پڑا ہوا ہو۔موتی۔شترمرغ کا انڈا۔جمع تُومٌ۔

تَوٌّ: اکیلا۔طاق۔واحد۔

تَوَّابٌ: بہت معاف کرنے والا۔(اللہ) توبہ کی توفیق دینے والا۔توبہ قبول کرنے والا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَوَّابٌ: بہت توبہ کرنے والا (بندہ)

تَوُّجٌ: تاج پہنانا۔سردار بنانا۔

تَوَیً: ہلاکت۔تباہی۔بربادی۔تَوِیَ الْمَالُ: مال تباہ ہوگیا۔لَاتَوٰی عَلَیْہِ۔اسے کوئی نقصان نہیں۔

تِہَامَۃٌ: مکہ اور حجاز کی شمالی بستیاں۔وہ نشیبی علاقہ جو ساحل سمندر اور حجاز و یمن کے پہاڑوں کے درمیان واقع ہے۔

تَہَمٌ: بدل جانا۔بگڑ جانا۔حیران ہونا۔ہوا کا رک جانا۔خراب ہونا۔

تَہَنٌ: سونا۔پریشان ہونا۔اَلَا اِنَّ الْعَبْدَ تَہِنَ۔آگاہ ہوجاؤ! بندہ سوگیا تھا۔

تَہُوٌّ: غافل ہونا۔

تِہْوَاءٌ: ایک حصہ۔ایک ٹکڑا۔

تَیْحًا: تیار ہونا۔تقدیر میں ہونا۔جھکنا۔

تَیْخٌ: لکڑی سے مارنا۔

تَیْدٌ: نرمی۔ملائمت۔آہستگی۔تَیْدَكَ زَیْدًا۔زید پر نرمی کر۔

تَیَرَانٌ: جوش مارنا۔بڑی بڑی موجیں اٹھنا۔تَارَ تَیَرَانًا۔دریا میں لہریں اٹھیں۔

تَیْزٌ: غلبہ پانا۔مغلوب کردینا۔

تَیَزَانٌ: مرجانا۔سخت ہونا۔موٹا اور کھردرا ہونا۔

تَیْسٌ: بکری یا ہرن کا ایک سالہ بچہ۔بکرا۔بے عقل آدمی۔جمع تُیُوْسٌ

تَیْعٌ: نکلنا۔بہنا۔توڑنا۔طے کرنا۔مشتاق ہونا۔جلدی کرنا۔پانی کا زمین پر پھیل جانا۔

تَیْعٌ: نکلنا۔بہنا۔توڑنا۔طے کرنا۔مشتاق ہونا۔جلدی کرنا۔پانی کا زمین پر پھیل جانا۔

تَیَعَانٌ: نکلنا۔بہنا۔توڑنا۔طے کرنا۔مشتاق ہونا۔جلدی کرنا۔پانی کا زمین پر پھیل جانا۔

تِیْفَاقٌ: برابر۔مقابل۔آمنے سامنے۔ھُوَبَیْتٌ فِی السَّمَآءِ تِیْفَاقَ الْکَعْبَۃِ۔وہ خانہ کعبہ کے مقابل آسمان پر ایک گھر ہے یعنی بیت المعمور۔

تَیْكٌ: گھڑی۔

تَیْمٌ: غلام بنادینا۔تابع دار کردینا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تَیْمَاءُ: جنگل بیابان۔بنجراور مہلک زمین۔شام میں ایک بستی۔

تِیْنٌ: انجیر۔

تِیْہٌ: چٹیل میدان جہاں پانی نہ ہواور نہ رہ نمائی کا کوئی نشان ہو۔غرور۔تکبر۔اکڑ۔

تَیْهًا: مغرور ہونا۔تکبر کرنا۔حیران پریشان ہونا۔راہ گم کرنا۔بھٹکنا۔

تِیْهًا: مغرور ہونا۔تکبر کرنا۔حیران پریشان ہونا۔راہ گم کرنا۔بھٹکنا۔

تَیْهَانًا: مغرور ہونا۔تکبر کرنا۔حیران پریشان ہونا۔راہ گم کرنا۔بھٹکنا۔

تَیْهُوْرٌ: نرم ہم وار زمین۔نالے کے بالا حصے کی زمین۔پہاڑ کے درمیان کی زمین۔مغرور آدمی۔
متکبر آدمی۔

تَیَّاحٌ: تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

تَیَّارٌ: سمندر کی لہر۔سمندر کی موج۔ ثُمَّ اَقْبَلَ مُزْبِدًا کالتَّیَّارِ۔پھر سمندر کی موج کی طرح جھاگ
اٹھا ہوا آیا۔

تَیَّازٌ: پستہ قد۔غلیظ۔سخت۔

تَیَّاس: بکروں والا۔بکریوں والا۔

تَیَّانٌ: انجیر فروش۔

تَیَّہٌ: گم راہ کرنا۔پریشان کرنا۔

# باب الثاء

ثَائِبٌ: سخت آندھی جو بارش سے پہلے ہوتی ہے۔سمندر کا وہ پانی جو جزر کے بعد بڑھے۔

الثَّائِرُ: وہ شخص جو خون کا بدلہ لئے بغیر نہ رہ سکے۔انتقام لینے والا۔خون کا پیاسا۔

ثَائِرٌ: مشتعل۔جوشیلا۔بھڑکا ہوا۔باغی۔انقلابی۔جمع ثُوَّارٌ۔

ثَاغِیَةٌ: بکری۔مَالَهُ ثَاغِیَةٌ وَلَا رَاغِیَةٌ۔نہ اس کے پاس بکری ہے اور نہ اونٹنی یعنی وہ مفلس ہے۔

ثَاقِبٌ: روشن۔چمک دار۔تہ کو پہنچا ہوا۔

© rasailojaraid.com

ثَاقِلٌ: بوجھل۔بھاری۔بیماری کا ستایا ہوا۔پورے وزن کا سکہ۔جمع ثَوَاقِلُ۔

© rasailojaraid.com



ثَاقِلٌ: ثقیل کھانا کھانا۔

ثَاکِلَۃٌ: وہ عورت جس کا بچہ وفات پا گیا ہو۔

ثَالِبٌ: عیب جو۔ غیبت کرنے والا۔ ملامت کرنے والا۔

ثَالُوثُ: تین میں کا ایک ہونا۔

ثَامِنٌ: آٹھواں شخص۔

ثَانَوِیٌّ: دوسرے نمبر کا۔ دوسرے درجے کا۔

ثَانِیًا: دوسرے نمبر پر۔ اس کے ساتھ ساتھ۔ دوسرے یہ کہ، دوسری دفعہ۔

ثَاھَۃٌ: مسوڑھا۔

ثَآئجٌ: شیر۔

ثُؤَاطٌ: زکام۔

ثَابٌ: جمائی لینا۔ سست ہونا۔

ثَئَبٌ: جمائی لینا۔ سست ہونا۔

ثُؤَبَاءُ: جمائی۔ سستی۔

ثُؤُبَاءُ: ڈھیلا پن۔ بھاری پن۔ (سستی کی وجہ سے)

ثَأثَأۃٌ: پیاسا ہونا۔ غصے کا ٹھنڈا ہونا۔ تھم جانا۔ سیراب کرنا۔ پیاسا رکھنا۔ روک دینا۔

ثَأجٌ: بکری کی آواز۔ لَایَأتِیُ یومَ القِیٰمَۃِ وَعَلٰی رَقَبَتِكَ شَاۃٌ لَّھَا ثُوءاجٌ: قیامت کے دن اس طرح آنا کہ گردن پر بکری لدی ہو اور وہ چیخ رہی ہو۔

ثَأدٌ: تر ہونا۔ سرسبز و شاداب ہونا۔ رات کا ٹھنڈا ہونا۔ ٹھنڈک۔ اوس۔ شبنم۔ ران کا گوشت سے بھر جانا۔

ثَأدَاءُ: بے عقل لونڈی۔

ثَأرٌ: خون کا بدلہ لینا۔ انتقام لینا۔ وَاجعَلُ ثَأرَنَا عَلٰی مَنُ ظَلَمَنَا۔ اور ایسا کر کہ ہم اس سے بدلہ لیں جس نے ہم پر ظلم کیا۔ بِکُمُ یُدرِكُ اللّٰہُ ثَارَۃَ کُلِّ مُؤمِنٍ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ذریعے ہر مومن کے خون کا بدلہ لے گا۔

اَلثَّأرُ: خون کا بدلہ۔ انتقام۔ جرم کا بدلہ۔ جمع اَثآر۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الثَّارِیُّ: انتقامی۔

ثَاطَّ: بدبودار ہونا۔گوشت کا خراب ہو جانا۔زکام ہو جانا۔

ثَاطَاءُ: احمق عورت۔لونڈی۔

ثَاطَةٌ: کالی کالی کیچڑ۔بدبودار کیچڑ۔ثَاطٌ حَرْمَدٌ: کالی بدبودار کیچڑ۔ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ۔ایک تو کالی کیچڑ اوپر سے پانی یعنی کریلا اور نیم چڑھا۔

ثُؤْلُوْلٌ: مسّہ۔چنے کے برابر ٹھوس پھنسی۔پستان کا سرا۔جمع ثَآلِیْل

ثَئُوْبٌ: لوٹنا۔جمع ہونا۔کپڑا (ہر قسم کا) بھر جانا۔حوض میں پانی جمع ہو جانا۔لباس۔

ثَئُوْرٌ: جوش میں آنا۔جوش مارنا۔اڑنا۔کودنا۔حملہ کرنا۔

ثَأْیٌ: بگاڑ۔فساد۔خرابی۔کم زوری۔سوراخ۔زخم کا نشان۔وَرَابَ الثَّأْیَ۔اور حضرت ابوبکر صدیق نے فساد کی اصلاح کی۔

ثَبَاتٌ: ٹھہرنا۔جمنا۔ثابت قدم رہنا۔قائم رہنا۔قید کرنا، روکنا۔دَاءٌ ثُبَاتٌ۔وہ بیماری جو ہلنے نہ دے۔وَاِذْ یَمْکُرُ بِكَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْكَ۔اور جب کافر آپ کے بارے میں سوچ رہے تھے کہ آپ کو قید کر لیں۔

ثَبَاتَةٌ: باوقار ہونا۔مستقل مزاج ہونا۔بہادر۔یمحی للّٰہُ مَایَشَاءُ وَیُثْبِتُ اللہ جو چاہتا ہے مٹاتا ہے اور جو چاہتا ہے قائم رکھتا ہے۔

ثَبَّ: اطمینان سے بیٹھنا۔جم کر بیٹھنا۔پورا ہو جانا۔

ثَبْتٌ: حجت۔دلیل۔ثبوت۔وَکَانَ ذَا ثَبْتٍ۔وہ مضبوطی والا تھا۔

ثَبُتٌ: بہادر۔مضبوط دل والا سوار۔

ثُبَةٌ: جماعت۔گروہ۔

ثَبَةٌ: سچا۔معتبر۔ثقہ۔جمع اَثْبَاتٌ۔

ثَبَجٌ: درمیانی۔بیچ کی۔صدر مقام۔

ثَبَّجٌ: چھپا لینا۔صاف نہ لکھنا۔صاف نہ بولنا۔

ثَبَجٌ: پاؤں کی انگلیوں کے سروں پر بیٹھنا۔

ثَبَجُ: ہر چیز کا ابھرا ہوا حصہ۔درمیانی حصہ۔بڑا حصہ۔یَرْکَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ۔وہ اس سمندر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کے بیچوں بیچ یا بڑے گہرے مقام میں سوار ہو رہے ہیں۔

ثَبْجَارٌ: وہ گڑھا جو پرنالے کا پانی گرنے سے پڑ جاتا ہے۔

ثَبَجَةٌ: متوسط شخص۔

ثَبْرٌ: سمندر کا اتر جانا۔ روکنا۔ ناامید کرنا۔ ہنکانا۔ کشادہ ہونا۔ ثَبَرَتِ البَثْرَةُ۔ پھنسی پھوٹ گئی۔

ثَبْطٌ: روک دینا، دیر کرانا، سوج جانا، ٹھہرا دینا، ان هَمَمْتُ بِصَالِحٍ ثَبَّطَنِی۔ اگر میں اچھی بات کا ارادہ کرتا ہوں تو وہ مجھے روک دیتا ہے۔

ثَبْنٌ: کپڑے کا کنارہ موڑنا یا سینا، کپڑے کے پلے میں بھرنا۔ دامن۔ کپڑے کا مڑا ہوا حصہ جس میں کوئی چیز رکھی جائے۔ جمع ثُبَنٌ. اِذَا مَرَّ اَحَدُکُمْ بِحَائِطٍ فَلْیَاْکُلْ مِنْهُ وَلَا یَتَّخِذْ ثِبَانًا۔ تم میں سے جب کوئی کسی پھل والے باغ میں سے گزرے تو اس میں سے کھائے اور تھیلا نہ بنائے یعنی جمع کر کے نہ لے جائے۔

ثُبُوتٌ: ٹھہرنا۔ جمنا۔ ثابت قدم رہنا۔ قائم رہنا۔ دَاءٌ ثُبَاتٌ۔ وہ بیماری جو ہلنے نہ دے۔

ثُبُورٌ: ہلاکت۔ اَعُوْذُ مِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ۔ میں ہلاکت کی دعوت سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ اَتَدْرِیْ مَاثَبَرَ النَّاسَ۔ کیا تو جانتا ہے کہ کس چیز نے لوگوں کو اللہ کی اطاعت سے روکا۔

ثَبِیْرٌ: مکے کے بڑے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام جہاں قریش کے لوگ عبدالمطلب کو لے جا کر باران رحمت کی دعا کرتے تھے۔ ثُمَّ اَفِضْ حِیْنَ یُشْرِقُ لَكَ ثَبِیْرُ۔ پھر اس وقت لوٹ جب ثبیر دھوپ سے چمک جائے۔

ثَجٌّ: بہنا۔ بہانا۔ گرنا۔

ثَجَّةٌ: وہ باغ جس میں پانی کے حوض ہوں۔

ثَجْرٌ: سوکھی کھجور کو کچی کھجور کی کھلی کے ساتھ ملانا۔ بہانا۔

ثُجْرَةٌ: سینے کے بیچوں بیچ۔ میدان کے بیچوں بیچ۔

ثُجْلَةٌ: پیٹ کی بڑائی۔ بھاری بھر کم ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔

ثُجُوْجٌ: خوب برسنے والا۔ خوب بہنے والا۔ وَاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرَاتِ مَاءً ثَجَّاجًا۔

ثَجِیْجٌ: سیلاب۔ بہاؤ۔ رو۔ سیل۔ اِکْتَظَّ الوَادِیْ بِثَجِیْجِهٖ۔ وادی سیلاب کے پانی سے بھر گئی۔

ثِخَانَةٌ: موٹا ہونا۔ دبیز ہونا۔ سخت ہونا۔ [illegible]

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثِخَنٌ: موٹا ہونا۔سخت ہونا۔بے بس ہونا۔دبیز ہونا۔وَکَانَ قَدْ اُثْخِنَ (ابوجہل زخموں سے چور ہوکر) بالکل بے طاقت ہوگیا تھا۔

ثُخُونَۃٌ: موٹا ہونا۔دبیز ہونا۔سخت ہونا۔بے بس ہونا۔

ثَخِیْنٌ: موٹا۔بھاری۔گاڑھا۔سخت۔

ثَدَاءٌ: ایک گھاس جو موسم گرما میں سوکھ جاتی ہے اور سردیوں میں سرسبز ہو جاتی ہے۔

ثَدْغٌ: پھوڑنا۔کچلنا۔

ثَدْقٌ: کوشش کرنا۔بہنا۔ثَدَقَ الْوَادِیُ۔وادی پانی سے بھرگئی۔

ثَدْنٌ: بدبودار ہونا۔موٹا ہونا۔

ثَدْیٌ: پستان۔چھاتی۔جمع ثُدِیٌّ۔

ثِدْیٌ: پستان۔چھاتی۔

ثَدِی: پستان۔چھاتی۔

ثَرَاءٌ: مال کا بڑھ جانا۔تعداد زیادہ ہو جانا۔مال دار ہونا۔

ثَرَارَۃٌ: زیادہ ہونا۔کثیر ہونا۔پراگندہ کرنا۔کشادہ۔بسیار گو۔باتونی۔

ثَرْبٌ: ملامت کرنا۔ڈانٹنا۔جھڑکنا۔

ثَرْثَارٌ: جھکی۔باتونی۔فضول بولنے والا۔

ثَرْثَرَۃٌ: بکواس۔باتیں بنانے کا مرض۔بے فائدہ کلام۔

ثَرْدًا: روٹی چور کر شوربے میں بھگونا۔توڑنا۔ڈبونا۔ہلکی بارش۔

ثَرٌّ: زیادہ ہونا۔کثیر ہونا۔پراگندہ کرنا۔کشادہ۔بسیار گو۔باتونی۔ثَرَّرَ الْمَکَانَ تَثْرِیْرًا۔اس نے گھر کو تر کیا۔

ثَرَّارَۃٌ: بہت پانی والا۔بہت دودھ والا۔عَیْنٌ ثَرَّارَۃٌ خوب پانی بہانے والا چشمہ۔

ثَرَمٌ: دانت ٹوٹنا۔دانت کا جڑ سے نکل جانا۔

ثَرْوٰی: مال دار عورت۔

ثَرْوَانٌ: مال دار مرد۔

ثَرْوَۃٌ: مال کی کثرت۔شمار کی کثرت۔دولت۔مَابَعَثَ اللّٰہُ نَبِیًّا بَعْدَ لُوْطٍ اِلَّا فِیْ ثَرْوَۃٍ مِنْ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



قَوْمِهٖ ۔حضرت لوط کے بعد اللہ نے جتنے پیغمبر بھیجے سب کثیر قوم والے تھے۔

ثُرُوْرٌ: زیادہ ہونا۔کثیر ہونا۔پراگندہ کرنا۔کشادہ۔بسیار گو۔باتونی۔

ثُرُوْرَةٌ: زیادہ ہونا۔کثیر ہونا۔پراگندہ کرنا۔کشادہ۔بسیار گو۔باتونی۔

ثِرًیٰ: متمول ہونا۔مال دار ہونا۔ثَرَی الْمَطَرُ التُّرَابَ۔بارش کا مٹی کو تر کرنا۔

ثَرِیْد: روٹی کو شوربے میں چور کر بنایا ہوا کھانا۔فَضْلُ عَائِشَةِ عَلَی النِّسَاءِ كَفَضْلِ الثَّرِيْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ۔عورتوں پر حضرت عائشہ کی فضیلت ایسی ہے جیسے دوسرے کھانوں پر ثرید کی فضیلت۔كُلُّ مَا اَفْرَی الْاَوْدَاجَ غَيْرَ مُثَرِّدٍ۔وہ جانور کھاؤ جس کے گلے کی رگیں کٹ جائیں نہ کہ وہ جو رگیں کٹے بغیر مر جائے۔

ثُرَيْرٌ: حجاز میں ایک مقام کا نام۔

ثَرِيٌّ: کثیر۔بسیار۔بہت۔

ثَطٌّ: ہلکی ڈاڑھی والا۔چھدری ڈاڑھی والا۔

ثَطَأٌ: احمق ہونا۔

ثَعْبٌ: بہنا۔بہانا۔حوض۔وَجُرْحُهٗ يَثْعَبُ دَمًا۔اور اس کے زخم سے خون بہتا ہوگا۔سَالَتْ مَثَاعِبُ الْمَاءِ۔پانی پینے کی جگہوں سے پانی بہ نکلا۔

ثَعْثَعٌ: مسلسل قے کرنا۔پے در پے قے کرنا۔

ثَعْجَرَةٌ: بہانا۔

ثَعْدٌ: تر کھجور۔گدر کھجور جس کا زیادہ تر حصہ پک گیا ہو۔بالائی۔ملائی۔کریم۔تازہ سبزی۔مَالُهٗ ثَعْدٌ وَلَا مَعْدٌ: اس کا مال نہ تھوڑا ہے اور نہ زیادہ۔

ثَعْرٌ: ایک قسم کا زہریلا گوند۔

ثُعْرُوْر: چھوٹی ککڑی۔جمع ثعاریر۔يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الثَّعَارِيْرُ۔کچھ لوگ آگ سے نکلیں گے، وہ اس طرح بڑھیں گے جیسے ککڑیاں بڑھتی ہیں۔

ثَعٌّ: قے کرنا۔

ثَعَلٌ: بکری یا گائے یا اونٹنی کا زائد تھن والا ہونا۔ضرورت سے زیادہ چیز۔زائد دانت جو دیگر دانتوں سے الگ ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثَعَلَبٌ: لومڑی۔اَرْضٌ مُثْعَلَبَةٌ۔بہت لومڑیوں والی زمین۔عِنَبُ الثَّعْلَبِ۔مکوہ۔مشہور دوا۔

ثُغَاءٌ: بکری کا آواز کرنا۔ممیانا۔

ثُغَامَۃٌ: ایک قسم کی سفید گھاس۔ایک درخت جو پہاڑ کی چوٹی پر اگتا ہے۔اور اس کا پھل اور پھول سفید ہوتے ہیں۔کَانَ رَاْسَهُ ثُغَامَةٌ۔گویا اسکا سر ثغامہ تھا یعنی بالکل سفید۔

ثَغْبٌ: ذبح کرنا۔گڑھے یا نالے میں بچا ہوا تھوڑا سا پانی۔

ثَغَبٌ: وہ گڑھا جو پہاڑ کی چوٹی پر ہو اور اس میں برسات کا پانی جمع ہوتا ہو۔

ثَغْرٌ: سوراخ کرنا۔شگاف ڈالنا۔کسی کا دانت توڑنا۔وہ مقام جہاں سے دشمن کے آنے کا ڈر ہو۔ ملک کی سرحد۔چوکی۔

ثَغْيَةٌ: بھوک۔قحط۔

ثِفَالٌ: چکی کا نیچے والا پتھر۔چکی کے نیچے کا پاٹ۔

ثَفأ: دیگچی کے جوش کو کم کرنا۔حرارت کم کرنا۔

ثُفْرٌ: ہانکنا۔

ثُفْرُوْقٌ: کھجور کی ڈالی۔جمع ثَفَارِيْقُ۔

ثُفَّاءٌ: رائی۔حب الرشاد، ہالون۔

ثُفْلٌ: دانہ۔تلچھٹ۔مَنْ كَانَ مَعَهُ ثُفْلٌ فَلْيَصْطَنِعْ۔جس کے پاس غلہ ہو وہ (روٹی) تیار کرے۔

ثَفْنٌ: دھکیلنا۔پیچھے سے آنا۔

ثَفَنٌ: موٹا ہونا۔سخت ہونا۔

ثَفِنَةٌ: انسان یا جاندار کے جسم کا وہ حصہ جو زمین پر بار بار لگنے سے سخت ہو جاتا ہے۔مثلاً ٹخنہ۔گھٹنا جمع ثَفِنَاتٌ۔

ثِقَابٌ: آگ جلانے کی چیز۔دیا سلائی۔ماچس کی تیلیاں۔جمع ثُقُبٌ۔

ثَقَافٌ: عقل مند عورت۔

ثَقَافَةٌ: ہلکا پھلکا۔عقل مند۔ہوشیار۔ذہین۔

ثِقَالَةٌ: بھاری ہونا۔وزنی ہوا۔دشوار ہونا۔بیماری کا بڑھ جانا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثَقْبٌ: پھاڑنا۔سوراخ کرنا۔

ثُقُفٌ: ذہین ہونا۔ہوشیار ہونا۔عقل مند ہونا۔ہلکا پھلکا۔ماہر ہونا۔

ثَقِفٌ: ہلکا پھلکا۔عقل مند۔کوشش کے بعد پالینا۔ہوشیار۔ذہین۔وَهُوَ غُلامٌ لَقِنٌ ثَقِفٌ۔وہ ایک ذہین اور عقل مند لڑکا تھا۔وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ۔اور ان کو قتل کرو جہاں کہیں پاؤ۔

ثَقَّافٌ: لڑنے والا۔جلاد۔

ثِقَلٌ: بھاری ہونا۔وزنی ہونا۔دشوار ہونا۔قوت سماعت کم زور ہونا۔بیماری کا بڑھ جانا۔سنجیدہ ہونا۔فِیْ اُذُنِهٖ ثِقَلٌ۔اس کے کان بھاری ہیں یعنی کم سنتا ہے۔

ثَقْلٌ: ہاتھ میں لے کر وزن کا اندازہ کرنا۔

ثَقَلٌ: مسافر کا سامان۔بیماری کا بڑھ جانا۔بھاری چیز۔وزنی۔اِنِّیْ تَارِكٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ كِتَابَ اللّٰهِ وَعِتْرَتِیْ۔میں تم میں دو بھاری چیزیں چھوڑے جاتا ہو،ایک اللہ کی کتاب دوسرے میرے اہل بیت۔

ثَقَلٌ: بوجھل بنانا۔بھاری بنانا۔زیر بار کرنا۔تھکا دینا۔پریشان کرنا۔

ثِقْلٌ: وزن۔بوجھ۔بھاری پن۔زحمت۔پریشانی۔جمع اَثْقَالٌ. وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا۔ اور زمین اپنے بوجھ نکال باہر کرے گی۔

ثُقُوْبٌ: چمکنا۔روشن ہونا۔مہکنا۔نافذ ہونا۔

ثَقِيْلٌ: بھاری۔وزنی۔بوجھل۔سست۔سنجیدہ۔پرسکون۔پریشان کن۔جمع ثُقَلاء۔

ثَكْلٌ: عورت کا بچہ مرجانا۔عورت کا کسی محبوب چیز سے محروم ہونا۔

ثَكَلٌ: عورت کا بچہ مرجانا۔عورت کا کسی محبوب چیز سے محروم ہونا۔

ثُكْلٌ: موت۔ہلاکت۔محبوب یا لڑکے کا غائب ہوجانا۔

ثَكْمٌ: تلاش کرنا۔لازم کرلینا۔بیان کرنا۔کھول دینا۔نشانات کا کھوج لگانا۔

ثَكَمٌ: تلاش کرنا۔لازم کرلینا۔بیان کرنا۔کھول دینا۔نشانات کا کھوج لگانا۔

ثَكِمٌ: کسی جگہ ٹھہرنا۔پڑاؤ ڈالنا۔

ثُكْنَةٌ: جھنڈا۔گردن کا ہنسلی۔پولیس کا مرکز۔آدمیوں کی جماعت۔جانوروں کا گلہ۔کبوتروں کا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



غول۔جمع ثُکُنَاتٌ۔

ثَکُوْلٌ: وہ عورت جس کا بچہ وفات پا گیا ہو۔

ثَلَابٌ: وہ آدمی جو عیب لگانے کا عادی ہو۔

ثَلْبٌ: ملامت کرنا۔گالی دینا۔عیب لگانا۔ہانکنا۔دھتکارنا۔دور کرنا۔

ثَلَبٌ: میلا ہونا۔سمٹ جانا۔

ثِلْبٌ: عیب دار۔ٹوٹا ہوا۔ وہ اونٹ جس کے دانت بڑھاپے کی وجہ سے ٹوٹ گئے ہوں۔جمع اَثْلَابٌ۔

ثُلَاثَ: تین تین۔تین تین کرکے آنا۔ جَاعِلِ الْمَلٰئِکَةِ رُسُلًا اُولِیْ اَجْنِحَةٍ مَثْنٰی وَثُلَاثَ وَرُبَاعَ۔وہ دو دو اور تین تین اور چار چار پروں والے فرشتوں کو اپنا پیغام رساں بنانے والا ہے۔

ثَلَاثٌ: تین عورتیں۔تیسرا۔ثَلٰثٌ اِذَا خَرَجْنَ لَا یَنْفَعُ نَفْسًا اِیْمَانُهَا۔جب یہ تین باتیں ظاہر ہوں گی تو اس وقت کسی کو اس کا ایمان لانا فائدہ نہ دے گا۔

ثُلَاثَاءُ: منگل۔سہ شنبہ۔

ثَلَاثَةٌ: تین مرد۔ثَلَاثَةٌ لَا یُکَلِّمُهُ اللّٰهُ۔تین آدمیوں سے اللہ بات نہیں کرے گا۔

ثُلَاثِیٌ: وہ کلمہ جس میں تین حروف اصلی ہوں۔

ثُلَاجِیٌّ: بہت سفید۔

ثَلْثٌ: تہائی مال لینا۔تیسرا ہونا۔

ثُلُثٌ: تیسرا حصہ۔جمع اَثْلَاثٌ۔

ثِلْثٌ: تیسری بار۔تیسرے دن کا۔حُمَّی الثِّلْثِ۔تیسرے دن کا بخار۔سَقٰی زَرْعَهُ الثِّلْثَ۔ اس نے اپنی کھیتی کو تیسرے دن پانی دیا۔

ثَلْجٌ: برف۔پانی کا ٹھنڈا ہونا۔دل مطمئن ہونا۔خوش ہونا۔وَاغْسِلْ خَطَایَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ۔میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو ڈال۔

ثَلَجٌ: خوش ہونا۔مطمئن ہونا۔

ثَلْخٌ: گندگی سے آلودہ ہونا۔گوبر میں آلودہ ہونا۔(گائے کا گوبر کرنا)

ثَلْدٌ: پتلا پاخانہ کرنا۔ہاتھی کا پتلی لید کرنا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**ثَلَطَ**: پتلا پاخانہ کرنا۔ پتلے پاخانے سے آلودہ کرنا۔ اونٹ یا بیل وغیرہ کا گوبر کرنا۔

**ثَلَغَ**: کچلنا۔ توڑنا۔ سر کچلنا۔ وَاِذَا هُوَ یَهْوِیْ بِالصَّخْرَةِ فَیَثْلَغُ بِهَا رَاْسَهٗ۔ وہ پتھر لے کر اس کی طرف جھکتا ہے اور اس سے اس کا سر کچل ڈالتا ہے۔

**ثَلَّ**: گرانا۔ مٹی نکالنا۔ ہلاک کرنا۔ منہدم کرنا۔ سلطنت ختم کرنا۔ دانت گرنا۔ ہوا کے ساتھ مٹی کا اُڑنا۔

**ثَلَلٌ**: ہلاکت۔ تباہی۔ بربادی۔

**ثَلَّاجٌ**: برف بیچنے والا۔

**ثَلَّاجَةٌ**: آئس بکس۔ تھرماس۔ ٹھنڈا کرنے کی مشین۔ برف رکھنے کا صندوق۔

**ثَلَّةٌ**: بکریوں کا گلہ، اون، کنویں سے نکلی ہوئی کیچڑ۔ جمع ثِلالٌ. لَمْ تَكُنْ اُمُّهٗ بِرَاعِيَةِ ثَلَّةٍ۔ اس کی ماں بکریوں کا گلہ چرانے والی نہ تھی۔

**ثُلَّةٌ**: لوگوں کی جماعت۔ گروہ۔ جتھا۔ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِیْنَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِیْنَ۔ اگلے لوگوں میں سے ایک بڑا گروہ اور پچھلے لوگوں میں سے ایک بڑا گروہ۔ لَهُمْ ذِمَّةُ اللّٰهِ وَذِمَّةُ رَسُوْلِهٖ عَلٰی دِیَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ وَثُلَّتِهِمْ۔ ان کی بستیاں، مال اور جماعت سب اللہ اور اس کے رسول کی پناہ میں ہیں۔

**ثَلَّجَ**: ٹھنڈا کرنا۔ برف بنا دینا۔ برف ملانا۔ جم جانا۔ سن ہو جانا۔

**ثَلَمَ**: رخنہ ڈالنا۔ شگاف ڈالنا۔ کنارہ توڑ دینا۔ ثُلِمَ فِیْ مَالِهٖ وَفِیْ عِرْضِهٖ۔ اس کے مال اور آبرو کو نقصان پہنچا۔

**ثُلْمَةٌ**: رخنہ۔ شگاف، عیب، دندانہ۔ ٹوٹی ہوئی جگہ۔ نَهٰی عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ۔ جہاں سے پیالہ ٹوٹا ہوا ہو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں سے پانی پینے سے منع فرمایا۔

**ثُلُوْجٌ**: خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔

**ثِمَارٌ**: پھل۔ میوہ۔

**ثُمَالٌ**: بالائی۔ جھاگ۔

**ثِمَالٌ**: فریادرس۔ اپنی قوم کا حامی۔ ثِمَالُ الْیَتَامٰی عِصْمَةٌ لِّلْاَرَامِلَ۔ یتیموں کے پشت پناہ۔ بیواؤں کے محافظ (ابوطالب کے ایک قصیدے کا مصرعہ جو انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کی تعریف میں کہا تھا۔)

ثُمَالَةُ: تلچھٹ۔گاد۔جھاگ۔

ثُمَامُ: ایک کم زور گھاس۔ایک پودا جس کی شاخیں گھنی ہوتی ہیں۔

ثَمَان: آٹھ عورتیں۔

ثَمَانِيَةٌ: آٹھ مرد۔

ثَمْثَمٌ: اٹک اٹک کر بولنا۔زور زور سے ہلانا۔برتن کو ڈھانکنا۔کام کو خراب کرنا۔ثَمْثِمُوْ بِنَا سَاعَةً۔کچھ دیر آرام کے لئے ہمارے پاس ٹھہرو۔

ثَمْجًا: ملانا۔خلط ملط کرنا۔

ثَمْدٌ: تھوڑا پانی۔وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو جائے۔

ثَمْدًا: کم ہونا۔ست ہونا، ڈھیلا پڑنا۔حَتّٰى نَزَلَ بِاَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَمَدٍ۔آپ حدیبیہ کے پرلے سرے پر اترے جہاں تھوڑا سا پانی تھا۔

ثَمَرٌ: پھل۔میوہ۔واحد ثَمَرَةٌ: وَكَانَ لَهُ ثَمَرٌ۔اور اس کے پاس (اور بھی) پھل تھے۔

ثَمَرٌ: مال و زر۔

ثَمَرَةٌ: ایک پھل جمع ثَمَرٌ۔

ثَمْغٌ: سفیدی میں سیاہی ملا دینا۔رنگوں کو ملانا۔بھگونا۔تر کرنا۔رنگنا۔

ثَمْغَةٌ: چوٹی۔پہاڑ کی چوٹی۔

ثَمْلٌ: ٹھہرنا۔قیام کرنا۔کھلانا۔پلانا۔

ثَمَلٌ: مست ہونا۔نشے میں ہونا۔مدہوش ہونا۔مائل ہونا۔

ثَمٌّ: روندنا۔درست کرنا۔اکٹھا کرنا۔اصلاح کرنا۔

ثَمَّ: وہاں۔بعید کے لئے اسم اشارہ۔وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ۔اور ہم نے دوسروں کو بھی وہاں پہنچا دیا۔

ثُمَّ: پھر۔تب۔لہٰذا۔حرف عطف ہے۔ثُمَّ فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ۔پھر تین بار ایسا ہی کیا۔

ثُمٌّ: گھر کا سامان۔لَا يَمْلِكُ ثُمًّا وَلَا رُمًّا۔نہ اس کے پاس گھر کا سامان ہے اور نہ گھر کی درستی ہے۔

ثَمَّارٌ: پھل فروش۔میوہ فروش۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثَمَنٌ: مالیت۔ قیمت۔ خُذْ اِحْدیٰ رَاحِلَتَیَّ فَقَالَ بِالثَّمَنِ۔ ابوبکرؓ نے عرض کیا آپ میری اونٹنی لے لیں۔ آپ نے فرمایا میں قیمت دے کر لوں گا۔

ثَمْنٌ: کسی چیز کا آٹھواں حصہ لینا۔

ثُمْنٌ: آٹھواں حصہ۔

ثَمُوْدُ: عرب بائدہ کا ایک قدیم قبیلہ۔ حضرت صالح علیہ السلام کی قوم۔

ثَمِیْرٌ: بار آور۔ پھل دار۔ نتیجہ خیز۔ هَلْ عِنْدَكَ قِرىً قَالَتْ نَعَمْ خُبْزٌ خَمِیْرٌ، وَلَبَنٌ ثَمِیْرٌ وَحَیْسٌ جَمِیْرٌ۔ معاویہؓ نے ایک لڑکی سے پوچھا کیا تیرے پاس مہمان نوازی کا سامان ہے؟ اس نے کہا ہاں خمیری روٹی، بالائی والا دودھ، جما ہوا حیس ہے۔

ثَنَاءُ: تعریف۔ مدح۔ شکریہ۔

ثَنَایَا: سامنے کے چار دانت (دو اوپر کے دو نیچے کے)

ثُنْدُوَةٌ: مرد کا پستان۔ ناک کی نوک۔ ناک کا اگلا حصہ۔

ثُنْدُءَةٌ: مرد کا پستان۔ ناک کی نوک۔ ناک کا اگلا حصہ۔

ثَنْطٌ: چیرنا۔

ثُنْطُبُ: پنجرے بنانے والے کی چھری۔ جس سے وہ بانس چیرتا ہے۔

ثُنَّةٌ: ناف اور پیڑو کے درمیان۔ فَاَضَعَهَا فِیْ ثُنَّتِهٖ۔ میں نے اپنا حربہ اس کے پیڑو پر رکھا۔

ثَنْیٌ: دوہرا کرنا۔ موڑنا۔ لپیٹنا۔ طے کرنا۔ اَلَا اِنَّهُمْ یَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ لِیَسْتَخْفُوْا مِنْهُ۔ دیکھو! وہ اپنے سینوں کو دوہرا کرتے ہیں تاکہ اس سے چھپ جائیں۔

ثَنِیٌّ: وہ جانور جس کے اگلے دانت گر گئے ہوں۔ جمع ثُنَاءٌ وَثُنْیَانٌ۔

ثَنِیَّةٌ: پہاڑی راستہ۔ سامنے والے چار دانتوں میں سے ایک۔ مستثنیٰ کی ہوئی چیز۔ اَلشُّهَدَاءُ ثَنِیَّةُ اللّٰهِ فِی الْخَلْقِ۔ شہید لوگ مخلوق میں اللہ کے مستثنیٰ ہیں۔

ثَوَاءٌ: ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ اترنا۔

ثَوَابٌ: اعمال کا بدلہ۔

ثَوَارَانٌ: جوش میں آنا۔ جوش مارنا۔ اڑنا۔ کودنا۔ حملہ کرنا۔

ثَوْبٌ: لوٹنا۔ جمع ہونا۔ کپڑا (ہر قسم کا) بھر جانا۔ حوض میں پانی جمع ہو جانا۔ لباس۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثَوَبَانٌ: تن درستی کی طرف آنا۔ دبلے پن کے بعد موٹا ہو جانا۔

ثَوْجٌ: ٹوکرا۔ کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی مٹی اٹھانے کی ٹوکری۔

ثَوْخٌ: گھس جانا۔

ثَوْرٌ: جوش میں آنا۔ جوش مارنا۔ اڑنا۔ کودنا۔ حملہ کرنا۔ بیل۔ مکے کا ایک پہاڑ جہاں ہجرت کے موقعے پر آپ نے حضرت ابوبکر کے ہم راہ قیام فرمایا تھا۔

ثَوْرَةٌ: بغاوت۔ انقلاب۔ جوش۔ گائے۔ جمع ثَوْرَاتٌ۔

ثَوْلٌ: احمق ہونا۔ دیوانگی کے آثار ظاہر ہونا بے عقل ہونا۔ بہا دینا۔ چکر آنا۔ شہد کی مکھیوں کی جماعت۔

ثُوْمٌ: لہسن۔

ثُوْمَةٌ: لہسن کی ایک پوتھی۔

ثُوَّارٌ: بہادر لوگ۔

ثُوَيْلَةٌ: لوگوں کا انبوہ۔ بڑا گروہ۔ قبیلے کے جمع ہونے کی جگہ۔

ثُوَيْنٰى: پلیتھن۔ روٹی کے پیڑوں میں لگانے کا خشک آٹا۔

ثُوِيٌّ: ٹھہرنا۔ قیام کرنا۔ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا فِيْ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ۔ اور آپ مدین کے لوگوں میں نہیں رہتے تھے کہ ان کے سامنے ہماری آیتیں تلاوت کرتے اور لیکن ہم ہی رسول بھیجنے والے ہیں۔ لَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّثْوِيَ عِنْدَهٗ حَتّٰى يُحْرِجَهٗ۔ مہمان کے لئے مناسب نہیں کہ میزبان کے پاس اتنا ٹھہرے کہ اس کو تنگ کردے۔

ثُهَاتٌ: آواز کرنا۔

ثَهْتٌ: آواز کرنا۔

ثَهْلٌ: زمین پر پھیل جانا۔

ثَهْوٌ: حماقت۔

ثَهْوَدٌ: پورے اعضا والا موٹا تازہ لڑکا۔

ثِيَةٌ: بکریوں کا باڑہ جہاں وہ رات کو رہتی ہیں۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ثَیْتَلَةٌ: عقل مندی کے بعد بے وقوف ہو جانا۔موٹا آدمی جس میں بھلائی کا گمان ہو۔

ثَیْخٌ: نرم چیز میں گھس جانا۔

ثِیْلٌ: اونٹ کے ذکر کی تھیلی۔باریک باریک شاخوں والی ایک قسم کی بوٹی۔

ثِیْنٌ: دریا سے موتی نکالنے والا۔

ثَیِّبَةٌ: وہ مرد یا عورت جس کا نکاح ہو چکا ہو۔

# باب الجیم

جَاْبٌ: مال کمانا۔گیرومٹی بیچنا۔جنگلی گدھا۔جَاْبُ الصَّبْرِ۔بڑے صبر والا۔

جَابِرٌ: ٹوٹی ہوئی ہڈی جوڑنے ولا۔زوروالا۔قاہروغاصب۔یَاجَابِرَ کُلِّ کَسِیْرٍ۔اے ہر ٹوٹے ہوئے کے جوڑنے والے۔

جُوْئَارٌ: آواز سے دعا کرنا۔گڑگڑا کر دعا کرنا۔اِذَا ھُمْ یَجْئَرُوْنَ۔جب وہ چلا اٹھیں گے۔

جُوْءُ وْثٌ: ڈر جانا۔

جُوْءُ جُوْءٌ: پرندے کا سینہ۔درندے کا سینہ۔سینے کی ہڈیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔جہاز یا کشتی کا اگلا حصہ۔

جُوَءَ ابَةٌ: منہ بدشکل ہونا۔

جِیْءِ جِیْءِ: ایک آواز جس سے اونٹ کو پانی پلانے کے لئے بلایا جاتا ہے۔جَاْجَاْتُ بِالْاِبِلِ۔میں نے اونٹ کو پانی پینے کے لئے بلایا۔

جَاْبَزَةٌ: بھاگنا،دوڑنا۔

جَابِیٌ: وصول کنندہ۔ٹیکس وصول کرنے والا۔ٹڈی۔جمع جُبَاةٌ۔

جَابِیَةٌ: حوض جس میں پانی اکٹھا کیا جائے۔جمع جَوَابٍ۔وَجِفَانٍ کَالْجَوَابِ۔اورحوضوں کی مانندلگن

جَابِیَةٌ: ایک بستی کا نام۔

جَاْثٌ: خبرنقل کرنا۔اٹھتے وقت بھاری ہونا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَارٌ: آواز بلند کرنا۔گرجنا۔بیل یا گائے کا ڈکارنا۔پودے کا لمبا ہونا۔سینے میں کوئی چیز اٹکنا۔

جَاثُومٌ: سینے پر محسوس ہونے والا دباؤ جس کے باعث آدمی حرکت نہ کرسکے۔بھیانک خواب۔

جَاشٌ: دل۔سینہ۔نفس۔غَضُّوا الْاَبْصَارَ فَاِنَّهُ اَرْبَطُ لِلْجَاشِ، نگاہیں نیچی رکھو کیوں کہ اس سے دل مضبوط رہتا ہے۔

جَائٌ: کانٹا۔

جَبَاءٌ: چھپ جانا۔ہٹ جانا۔بُرا جاننا۔نکلنا۔اچٹنا۔

جَبَا: حوض یا کنوے سے پانی نکالنے کی جگہ۔فَقَعَدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى الله عليه وسلم عَلٰى جَبَاهَا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کنویں کی منڈیر پر بیٹھے۔

جَبَابٌ: سخت قحط۔

جَبَانٌ: نامرد۔بزدل۔کم زوردل۔

جَبَانَةٌ: نامردی۔بزدلی۔کم زوردلی۔

جَبَاوَةٌ: اکٹھا کرنا۔محصول جمع کرنا۔جمع کرنا۔

جِبَايَةٌ: جمع کرنا۔اکٹھا کرنا۔

جَبْ ءٌ: چھپ جانا۔ہٹ جانا۔براجاننا۔نکلنا۔اچٹنا۔فَلَمَّا رَاَوْنَا جَبَئُوْا مِنْ اَخْبِيَتِهِمْ۔جب انہوں نے ہمیں دیکھا تو اپنے ڈیروں سے نکل آئے۔

جَبٌّ: کاٹنا۔اِنَّ الْاِسْلَامَ يَجُبُّ مَا قَبْلَهٗ۔بے شک اسلام اپنے سے پہلے والے کفر اور گناہوں کو مٹادیتا ہے۔

جَبَّارٌ: سرکش۔زبردست۔لمبا درخت۔اللہ کے ناموں میں سے ایک نام۔نَخْلَةٌ: جَبَّارَةٌ: کھجور کا بہت لمبا درخت۔حَتّٰى يَضَعَ الْجَبَّارُ فِيهَا قَدَمَهٗ۔یہاں تک کہ اللہ اپنا قدم اس (دوزخ) میں رکھ دے گا۔

جَبَّاسٌ: چونہ بنانے والا۔چونا فروش۔سخت مزاج۔بداخلاق۔

جَبَّاسَةٌ: چونے کی بھٹی۔

جَبَّانٌ: جنگل۔مقبرہ۔پنیر فروش۔فَلَمَّا كُنَّا بِظَهْرِ الْجَبَّانِ۔جب ہم جنگل کی بلندی میں پہنچے۔

جَبَّانَةٌ: جنگل۔مقبرہ۔صحرا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جَبَّبَ: بھاگ کر تیز چلنا۔گھوڑے کے زانو تک سفیدی ہونا

الْمُتَمَسِّكُ بِطَاعَةِ اللّٰهِ اِذَا جَبَّبَ النَّاسُ عَنْهَا كَالْكَارِّ بَعْدَ الْفَارِّ

(جب لوگوں نے اللہ کے حکم پر چلنا چھوڑ دیا ہو) اس وقت اس پر عمل کرے تو اس کو اتنا ثواب ہوگا جیسے جہاد میں بھاگنے والے کے بعد حملہ کرنے والے کو۔

جِبْتٌ: بت۔کاہن۔جادوگر۔شیطان۔يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ۔وہ بتوں اور شیطان پر ایمان رکھتے ہیں۔

جَبَذًا: گلا گھٹنا۔اچھو آنا۔

جَبْذٌ: کھینچنا۔انگور کا چھوٹا اور خشک ہونا۔فَجَبَذَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ خَلْفِیْ۔ایک شخص نے مجھے پیچھے سے کھینچا۔

جَبْرٌ: باندھنا۔جوڑنا۔نیکی کرنا۔درست ہونا۔ہم دردی کرنا۔مہربانی کرنا۔

جَبَرُوْتٌ: قدرت۔طاقت۔عظمت۔زور۔

جِبْسٌ: چونا۔بے حس۔بے شعور۔کمینہ۔اترانے والا۔

جَبَلٌ: پہاڑ۔سردار۔بخیل۔جمع جبالٌ۔اِنِّیْ وُلِدْتُ بالجَبَلِ۔میں پہاڑ پر پیدا ہوا۔

فِی السَّهْلِ يَنْبُتُ الزَّرْعُ لَا فِی الْجَبَلِ

کھیتی نرم ہموار زمین پر ہوتی ہے نہ کہ پہاڑ پر۔

جِبْلٌّ: جماعت۔قوم۔امت۔گروہ۔وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا۔اور البتہ وہ (شیطان) تم میں سے ایک کثیر مخلوق کو گمراہ کر چکا۔

جَبْلٌ: پیدا کرنا۔ڈھالنا۔صورت بنانا۔باندھنا۔مضبوط کرنا۔

جِبِلٌّ: خلقت۔

جِبِلَّةٌ: خلقت۔فطرت۔مزاج۔قوم۔امت۔وَالتَّقُوا الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ الْاَوَّلِيْنَ۔اور اس سے ڈرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلی مخلوق کو پیدا کیا۔

جَبُوْبٌ: سخت زمین۔مٹی۔اِنَّ رَجُلًا مَرَّ بِجَبُوْبِ بَدْرٍ۔ایک شخص بدر کی سخت زمین یا ڈھیلوں پر سے گزرا۔

رَاَيْتُ الْمُصْطَفٰی صلی اللہ علیہ وسلم يُصَلِّیْ وَيَسْجُدُ عَلَی الْجَبُوْبِ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں نے آپ ﷺ کو نماز پڑھتے اور سخت زمین پر سجدہ کرتے دیکھا۔

جَبُوبَۃٌ: ڈھیلا۔

جَبْوَۃٌ: اکٹھا کرنا۔محصول جمع کرنا۔جمع کرنا۔

جَبِھًا: کشادہ پیشانی والا ہونا۔

جَبَہٗ: پیشانی پر مارنا۔بری طرح پیش آنا۔سامنے آجانا۔

جَبْھَۃٌ: ذلت۔رسوائی۔پیشانی۔جماعت۔قوم کا سردار۔چاند۔گھوڑے۔جمع جِبَاہٌ۔لَیْسَ فِی الْجَبْھَۃِ صَدَقَۃٌ. گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

جَبِیرَۃٌ: ٹوٹی ہوئی ہڈی پر باندھی جانے والے لکڑی یا پٹی۔جمع جَبَائِرُ۔

جَبِیسٌ: کمینہ۔رذیل۔

جَبِیلَۃٌ: قبیلہ۔طبیعت۔فطرت۔

جَبِینٌ: پیشانی۔جمع اَجْبُنٌ۔

جَبّی: وصول کرنا۔اکٹھا کرنا۔جمع کرنا۔

جَحٌّ: بچھانا۔آواز کرنا۔زچگی کا وقت قریب آنا۔کھینچنا۔کھینچ کر نکالنا۔

جَحْجَاحٌ: سخی۔سردار

جَحْجَحٌ: سخی۔سردار۔لپکنا۔پہل کرنا۔رکنا۔جمع جَحَاجِحَۃٌ۔

جَیْشٌ: لشکر۔جمع جُیُوشٌ۔

جُبَارٌ: بے کار۔رائیگاں۔ذَھَبَ دَمُہٗ جُبَارًا۔اس کا خون رائیگاں گیا۔حَرْبٌ جُبَارٌ۔وہ لڑائی جس میں نہ دیت ہو نہ قصاص۔

جُبَلٌ: دجلہ کے کنارے ایک بستی۔

جُبُلَّۃٌ: کثرت۔خشک سال۔

جُبُوءَۃٌ: چھپ جانا۔ہٹ جانا۔برا جاننا۔نکلنا۔اچٹنا۔

جُبَّاءٌ: نامرد۔بزدل۔ڈرپوک۔

جُبَّۃٌ: مشہور لباس جو کپڑوں کے اوپر پہنا جاتا ہے۔

جُبٌّ: کنواں۔گڑھا۔جمع جِبَابٌ۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جُبْجُبٌ: ہموار زمین۔

جُبْنَةُ: پنیر کا ٹکڑا۔

جُبُنٌ: پنیر۔ بزدلی۔ کمزوردلی۔ مَاءُ الْجُبْنِ۔ چھاچھ۔

جُثَاءُ: شخص۔ جزا۔ بدلہ۔ مقدار۔ تخمینہ۔ تقریباً۔

جَثَاءُ: شخص۔ جزا۔ بدلہ۔ مقدار۔ تخمینہ۔ تقریباً۔

جُثَّةُ: جسم۔ مردہ جسم۔ لاش۔ جمع اَجْثَاثٌ۔

جَثَّامَةٌ: بہت سونے والا۔ سست۔ کاہل۔

جَثٌّ: ڈرنا۔ کاٹنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ مارنا:

فَاِذَا الْمَلَكُ الَّذِىْ جَاءَ نِىْ بِحِرَاءَ فَجَثِثْتُ مِنْهُ

کیا دیکھتا ہوں کہ وہی فرشتہ ہے جو غار حرا میں میرے پاس آیا تھا، میں اس کی وجہ سے ڈر گیا۔

جُثٌّ: چھوٹی جھاڑی۔ مری ہوئی ٹڈی۔ شہد کی مردہ مکھی۔

جَثْجَاثٌ: ایک پودا جس کا پھول خوش بودار زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

جَثْمٌ: زمین سے لگ جانا۔ اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔ سینے کے بل گرنا۔ زمین سے سینہ لگانا۔ فَاَصْبَحُوْا فِىْ دِيَارِهِمْ جَاثِمِيْنَ۔ سو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

جُثْوَةٌ: مٹی کا ڈھیر۔ پتھروں کا ڈھیر۔ قبر۔ جسم۔ لاش۔ جمع جُثًى و جِثًى. رَأَيْتُ قُبُوْرَ الشُّهَدَاءِ جُثًا۔ میں نے مٹی کے ڈھیروں کی طرح شہیدوں کی قبریں دیکھیں۔

جُثَمَةُ: کاہل۔ سست۔

جَثَمَةُ: جھاڑی۔

جُثَّمٌ: بڑا سونے والا۔

جُثْمَانُ: جسم۔ بدن۔ شخص۔ ذات۔

جُثُوٌّ: دوزانوں بیٹھنا۔ گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔ انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔ وَتَرىٰ كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةٍ۔ اور آپ ہر امت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھیں گے۔ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ حَوْلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا۔ پھر ہم ان کو دوزخ کے گرد اس حالت میں لا کھڑا کریں گے کہ وہ اوندھے گرے ہوئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہوں گے۔

جُثْوَةٌ: مٹی کا ڈھیر۔ پتھروں کا ڈھیر۔ قبر۔ جسم۔ لاش۔

جَثُوْمٌ: زمین سے لگ جانا۔ اپنی جگہ سے نہ ہلنا۔ سینے کے بل گرنا۔

جَثِیْثَةٌ: کھجور کا پودا۔ جمع جَثِیْثٌ۔

جُثِیٌّ: دوزانوں بیٹھنا۔ گھٹنوں کے بل بیٹھنا۔ انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔

جُنْبُذَةُ: بلند اور گول زمین۔

جُنْبُذٌ: گل انار۔ گل سرخ۔

© rasailojaraid.com